NATIONAL TEXTILE UNIVERSITY
LIBRARY

Sheikhupura Road,
Faisalabad 37610
Ph # 041-9230081-82
Ext. 148/150

NEWS CLIPPING OF THE DAY

ٹائٹل: صدر مملکت ممنون حسین نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے چوتھے کانووکیشن پر خطاب کر رہے ہیں

ذریعہ: روزنامہ ایکسپریس، صفحہ-1

تاریخ: جمعہ، 29 ستمبر، 2017

اسلام آباد: صدر ممنون حسین نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

قوم دہشتگردی کے خاتمے کیلیے بھرپور ساتھ دے، صدر ممنون

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) صدر ممنون حسین نے کہا ہے کہ آج (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

22 صدر ممنون

کا پاکستان ماضی کے مقابلے میں امن وامان اور معاشی اعتبار سے بہتر تصویر پیش کر رہا ہے، نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ پاکستانی عوام کے آہنی عزم، حکومت پاکستان اور ریاست کے تمام اداروں کی مشترکہ کوششوں سے حالات میں تیزرفتاری سے بہتری آئی۔ صدر نے کہا کہ یہ وقت کی ضرورت ہے کہ پوری قوم، حکومت اور قومی اداروں کا دہشتگردی اور شدت پسندی کے خاتمے کیلیے بھرپور ساتھ دے، انھوں نے کہا کہ حکومت کی معاشی پالیسیوں کو بین الاقوامی معاشی اداروں کی جانب سے سراہا جارہا ہے، صدر نے اطمینان کا اظہار کیا کہ حکومت نے ایک جامعہ حکمت عملی کے تحت توانائی کے بحران پر مجموعی طور پر قابو پا لیا اور اس سلسلے میں مستقبل کی ضرورت کو پورا کرنے کیلیے بجلی کی پیداوار کے نئے منصوبوں کا آغاز ہو چکا، صدر مملکت نے زور دیا کہ صنعتی شعبے کو ہم عصر دنیا کے برابر لانے کیلیے تحقیق پر مبنی نئے تکنیکی طریقوں کو اختیار کیا جائے، صدر نے کہا کہ پاک چین اقتصادی راہداری سے وطن عزیز میں خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا اور معاشی ترقی کی رفتار تیز ہوگی۔ صدر نے ممتاز پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا کو گولڈ میڈل بھی دیئے۔ اس سے قبل نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے ریکٹر ڈاکٹر تنویر حسین نے اپنے خطاب میں جامعہ کے مستقبل کے منصوبوں سے آگاہ کیا اور مختلف شعبوں میں درس وتدریس کے بارے میں آگاہ کیا۔